Maulana Azad National Urdu University

M.A. Translation Studies, II Semester Examination - May 2019

Paper : MATS202CCT : Terminology and its Significance

پرچہ : علم اصطلاح اور اس کی اہمیت

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/ مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) اردو میں علم اصطلاح پر لکھے گئے اولین کتابچے کے مصنف کون تھے؟

(a) پروفیسر وحید الدین سلیم (b) چودھری برکت علی (c) عطش درانی (d) ڈاکٹر مرزا حامد بیگ

(ii) قومی انگریزی۔ اردو لغت کے مدیر کا نام کیا ہے؟

(a) مولوی عبدالحق (b) شان الحق حقی (c) ڈاکٹر جمیل جالبی (d) یعقوب میراں مجتہدی

(iii) اصطلاح کس زبان کا لفظ ہے؟

(a) فارسی (b) ترکی (c) ہندی (d) عربی

(iv) یونیسکو کی سفارشات کے مطابق کسی ادارے کو تصنیف و تالیف کے لیے کتنی اصطلاحات کی ضرورت پڑتی ہے؟

(a) تین سے چار لاکھ (b) دو سے تین لاکھ (c) ایک سے دو لاکھ (d) ایک لاکھ

(v) انگلش۔ اردو قانونی اصطلاحات کی پہلی لغت کس کی ہے؟

(a) ڈیوک آف ارگل (b) ڈاکٹر کلکلی (c) ڈاکٹر فالن (d) جان گلکرائسٹ

(vi) کس نے کہا تھا کہ ''اصطلاحیں درحقیقت اشارے ہیں' جو خیالات کے مجموعوں کی طرف ذہن کو منتقل کر دیتے ہیں؟

(a) فیلبر (b) پنڈت برج موہن دتاتریہ (c) عطش درانی (d) پروفیسر وحید الدین سلیم

(vii) ''علم غیر مانوس زبانوں میں مقید تھا جامعہ عثمانیہ کی طفیل آزاد ہوا' آزاد ہی نہیں آسان ہوا' آسان نہیں بلکہ عام ہوا'' یہ کس کا قول ہے؟

(a) پروفیسر قاضی محمد حسین (b) ڈاکٹر رضی الدین صدیقی (c) ڈاکٹر محی الدین قادری زور (d) خلیفہ عبدالحکیم

P.T.O

(viii) ''ادارۂ فروغ قومی زبان'' کس ادارے کا تبدیل شدہ نام ہے۔

(a) قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان (b) انجمن ترقی اردو (c) مقتدرہ قومی زبان (d) ادارۂ ادبیات اردو

(ix) وضع اصطلاحات کا کام ایسی صورت میں آگے بڑھتا ہے جب کہ وضع شدہ اصطلاحات کا عام زندگی میں چلن ہو۔ ( )
(صحیح ہے یا غلط قوسین میں لکھیے)۔

(x) زبان انسان کی پہلی ایجاد ہے۔ (صحیح ہے یا غلط قوسین میں لکھیے)۔ ( )

حصہ دوم

2. اصطلاح سے کیا مراد ہے؟

3. اصطلاح سے متعلق دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ کے وضع کردہ اصولوں کی تشریح کیجیے۔

4. ترجمے میں تبدیلی اور معنوی تغیر سے کیا مراد ہے؟ مثالوں کے ذریعہ وضاحت کیجیے۔

5. اصطلاحات کی ترتیب وانتظام پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

6. اصطلاحیات (Terminology) ایک ابھرتا ہوا شعبہ علم ہے۔ بحث کیجیے۔

7. مصطلحین (Terminologist) کے لیے کیریر کے کیا مواقع ہے؟

8. درج ذیل انگریزی اصطلاحات کی کے متبادل اردو اصطلاحیں لکھیے۔

(i) Arctic Circle	(ii) Astronomy	(iii) Blank Verse	(iv) Broadcasting
(v) Insurance	(vi) Climax	(vii) Civics	(viii) Inflation
(ix) Bicameral	(x) Nervious System	(xi) Gravitation	(xii) Observatory

9. درج ذیل اردو اصطلاحات کی متبادل انگریزی اصطلاحیں لکھیے۔

(i) وصیت	(ii) ہاضمی نظام	(iii) قانون سازی	(iv) طول البلد
(v) اقتدار اعلی	(vi) چاند گہن	(vii) سرخ فیتہ	(viii) تجزیہ
(ix) نشاۃ ثانیہ	(x) پارز یرگی	(xi) اجارہ داری	(xii) کرایہ دار

حصہ سوم

10. اردو کو علمی زبان بنانے کے لیے اپنی تجاویز مدلل انداز میں پیش کیجیے۔

11. وضع اصطلاحات سے متعلق ماہرین کے تصورات سے بحث کرتے ہوئے اپنا نقطہ نظر پیش کیجیے۔

12. اصطلاحات کے حوالے سے قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کے خدمات کا جائزہ لیجیے۔

13. اصطلاحات سازی سے متعلق پروفیسر وحید الدین سلیم کے خیالات پر روشنی ڈالیے۔

14. اردو میں اصطلاح سازی کے تدریجی ارتقاء پر نوٹ لکھیے۔

☆☆☆